حکومت پاکستان

ریونیو ڈویژن

فیڈرل بورڈ آف ریونیو

*****

اسلام آباد، جولائی، 2019ء

نوٹیفکیشن

(انکم ٹیکس)

ایس آر او2019/(I)- انکم ٹیکس رولز، 2002ء میں متعدد ترامیم پر مشتمل مندرجہ ذیل ڈرافٹ، جو کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001ء کی دفعہ 237 کی ذیلی دفعہ (1) کے تحت حاصل اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے تجویز کی ہیں، متاثر ہونے والے افراد کی معلومات کے لیے بذریعہ ہذا شائع کیا جارہا ہے، جیسا کہ متذکرہ دفعہ کی ذیلی دفعہ (3) کے تحت ضروری قرار دیا گیا ہے اور یہ نوٹس بھی دیا جارہا ہے کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو سرکاری گزٹ میں اس کی اشاعت کے 7 دن کے بعد زیر غور لائے گا۔

اس ڈرافٹ کے حوالے سے کوئی بھی اعتراض یا تجویز جو متذکرہ مدت کے ختم ہونے سے قبل کسی بھی فرد کی جانب سے موصول ہو گی اسے بورڈ زیر غور لائے گا۔

<u>ترمیم کا ڈرافٹ</u>

متذکرہ بالا رولز میں، باب XIII کے بعد مندرجہ ذیل نئے باب کا اضافہ کیا جائے گا، یعنی:-

باب XIIIA

کاروباری لائسنس کا حصول اور اجراء

83A اس باب کے قواعد دفعہ 181A کے مقاصد کے لیے لاگو ہوں گے جو کاروباری لائسنس سکیم کے حوالے سے ہے۔

83B **تعریفات**- ان رولز میں، ماسوائے اس کے کہ کوئی چیز سیاق یا عنوان کے منافی ہو-

a) "درخواست گزار" سے مراد کوئی بھی فرد ہے جو کاروباری لائسنس کے اجراء کے لیے درخواست جمع کرواتا ہے؛

b) "Iris" سے مراد فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے ویب پورٹل پر درخواست جمع کروانے سمیت مختلف مقاصد کے لیے درخواستوں کا سافٹ ویئر ہے؛

c) "خدمات کے فراہم کنندہ" سے مراد ایسا کوئی بھی فرد ہے جو ان قواعد کے مقاصد کے لیے Iris یا ویب پر مبنی ایپلیکیشن سافٹ ویئر میں الیکٹرانک ڈیٹا کی انٹری کا کام کرتا ہو، بائیو میٹرک تصدیق اور درخواست گزار کو کاروباری لائسنس کے پرنٹ آؤٹ کی فراہمی کا کام کرتا ہو اور اسے فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی طرف سے ہائر کیا گیا ہو۔

83C **کاروباری لائسنس کے اجراء کے لیے درخواست**-(1) ذیلی قاعدہ (4) کے تحت کوئی بھی ایسا فرد جو کسی بھی کاروبار، پیشے یا فن سے وابستہ ہو کاروباری لائسنس کے اجراء کے لیے شیڈول میں دیئے گئے فارم پر فیڈرل بورڈ آف ریونیو کو درخواست دے گا۔

(2) اگر درخواست گزار کسی موبائل فون نمبر کا حامل ہو جو کسی موبائل فون کمپنی کی طرف سے جاری کیا گیا ہو اور اسے انٹرنیٹ کی سہولت تک رسائی حاصل ہو، وہ Iris پر درخواست فائل کرے گا یا فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی طرف سے ان قواعد کے مقاصد کے لیے تیار کیے گئے سافٹ ویئر ایپلیکیشن پر درخواست جمع کروائے گا۔ خودکار طریقے سے درخواست گزار کو جاری کیا گیا کاروباری لائسنس اسے ای میل کر دیا جائے گا۔

(3) اگر درخواست گزار کے پاس کسی موبائل فون کمپنی کی طرف سے جاری کردہ موبائل فون نمبر نہ ہو اور اسے انٹرنیٹ تک رسائی بھی حاصل نہ ہو تو وہ خدمات کے فراہم کنندہ یا علاقائی ٹیکس دفتر میں قائم کیے گئے کیاسک (kiosk) پر اپنے کوائف فراہم کرے گا تاکہ فارم کو آن لائن پر کیا جا سکے، اور خدمات کا فراہم کنندہ یا کیاسک کا نمائندہ، جو بھی صورت ہو،-

i. پر ہونے والے فارم کے کوائف کی تصدیق کرے گا؛

ii. درخواست گزار کی بائیو میٹرک تصدیق کی تکمیل کرے گا؛ اور

iii. خودکار طریقے سے تیار ہونے والے کاروباری لائسنس کا پرنٹ آؤٹ درخواست گزار کو فراہم کرے گا؛

(4) اگر کسی فرد کا نام فعال ٹیکس گزاروں کی فہرست میں ظاہر ہو رہا ہو تو اس کی طرف سے کاروباری لائسنس کے لیے درخواست جمع شدہ تصور کی جائے گی اور Iris میں رجسٹرڈ اس کے ای میل ایڈریس پر خودکار طریقے سے تیار ہونے والا کاروباری لائسنس ای میل کر دیا جائے گا۔

83D **کاروباری لائسنس کا ڈسپلے**-(1) ہر وہ فرد جسے کاروباری لائسنس جاری کیا جا چکا ہو، تو وہ اس لائسنس کو اپنے کاروبار کی ہر جگہ پر آویزاں کرے گا۔

83E **کاروباری لائسنس کی ملکیت پر کوئی واجبات نہیں**- اگر کسی فرد کو کاروباری لائسنس جاری کیا جاتا ہے تو محض کاروباری لائسنس کی ملکیت ہونے پر اس پر کوئی ٹیکس جمع کروانا واجب نہیں ہوتا، ماسوائے اس کے کہ انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001ء کی کسی دیگر دفعہ کے تحت اس پر ٹیکس جمع کروانا واجب ہو۔

شیڈول

(دیکھیے رول83B)

درخواست فارم

نام:

والد کا نام:

قومی شناختی کارڈ نمبر:

موبائل نمبر

سٹیٹس / کیفیت   ذاتی کاروبار   ایسوسی ایشن آف پرسنز(AOP)

(متعلقہ باکس پر نشان لگائیں)

کاروبار کی نوعیت

پرچون فروش	تھوک فروش / ڈسٹری بیوٹر	مینوفیکچرر (تخصیص کریں)	خدمات (تخصیص کریں)

کاروباری پتہ: